سوال

(81) منبر پر عصا لے کر خطبہ پڑھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

منبر پر عصا لے کر خطبہ پڑھتے ہیں خطیب لوگ اس کی سند قرآن اور حدیث سے ثبوت درکار ہے۔ اور اگر ثبوت ہے تو کونسی حدیث میں ہے۔ بخاری، مسلم، مشکوٰۃ، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ کونسی حدیث سے ثابت ہے۔ یہ مسئلہ اخبار اہل حدیث میں شائع کردیں۔

(محمد عبدالرزاق از برما)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

:... آنحضرت ﷺ بوقت خطبہ عصا یا کمان ہاتھ میں رکھا کرتے تھے کبھی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کندھے پر ہاتھ رکھ لیتے۔ (مشکوٰۃ باب صلوٰۃ العیدین)، (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول، ص ۵۶۰)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 163

محدث فتویٰ